نیلام عام حقوق برائے پٹہ زرعی اراضی

بذریعہ اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ گوجرانوالہ کینٹ درج ذیل زرعی اراضی برائے کاشتکاری عرصہ تین سال از منظوری بورڈ تا تکمیل مدت تین سال کے حقوق پٹہ داری مندرجہ ذیل شرائط پر مورخہ 18 نومبر 2024 بوقت 11:00 بجے دن کنٹونمنٹ بورڈ میں نیلام عام کر رہا ہے۔ مقررہ تاریخ کو بولی نہ ہونے کی صورت میں اگلی بولی مورخہ 19 نومبر 2024 کو ہوگی۔ اگر اس تاریخ کو بھی بولی نہ ہوئی تو آئندہ بولی مورخہ 20 نومبر کو ہوگی۔

نمبر شمار	زمین کا رقبہ	سروے نمبر	لاٹ نمبر	متعلقہ علاقہ
1.	05ایکڑ	3	02	نیو بازار ایریا
2.	05کنال	8/2	03	چناب روڈ

شرائط:-

1. ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے قبل زر بیعانہ مبلغ -/200000 روپے بشکل بینک کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر جمع کرانا ہوگا، جو ماسوائے کامیاب اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے واپس کر دیا جائے گا۔ نقد رقم قابل قبول نہ ہوگی۔
2. کامیاب بولی دہندہ کو بولی کا 1/4 حصہ بطور زر ضمانت بولی کے اختتام پر دفتر میں جمع کرانا ہوگا۔ 1/4 حصہ جمع نہ کرانے کی صورت میں زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔
3. کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے منظور ہونے کے بعد بقیہ 3/4 رقم عرصہ ایک سال کا پیشگی ٹھیکہ 15 یوم کے اندر اندر جمع کرانا ہوگا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں جمع شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی اور زمین دوبارہ نیلام کی جائے گی۔
4. زرعی اراضی کی بولی عرصہ ایک سال فی ایکڑ کے لئے ہوگی جبکہ معیاد ٹھیکہ عرصہ 03 سال کے لئے ہوگا۔
5. زرعی اراضی لاٹ نمبر 02 میں پھل دار پودوں کی ملکیت کینٹ بورڈ کی ہوگی اور کامیاب بولی دہندہ اس کی حفاظت کا پابند ہوگا۔ نیز کامیاب بولی دہندہ اس زمین میں ایسی فصل کاشت نہ کرے گا جس کی وجہ سے پھل دار پودوں کو نقصان کا خدشہ ہو۔
6. کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے منظور ہونے کے 15 یوم کے اندر مقررہ مالیتی اشٹام پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا جس کا خرچہ بولی دہندہ پر ہوگا۔
7. کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ کے تمام مروجہ ٹیکسز جو لاگو ہوں وہ جمع کروانا ہوں گے۔
8. زرعی زمین کے حقوق پٹہ داری CLA Rule-1937 کی شق نمبر 32 کے تحت عمل میں لائے جائیں گے۔ نیز آبپاشی اور بجلی کا نظام بذمہ پٹہ دار ہوگا۔
9. نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ ساتھ لائیں گے۔
10. کامیاب بولی دہندہ اراضی کا ماسوائے کاشتکاری کسی دوسرے مقصد کے لئے استعمال نہ کرے گا۔ نیز کینٹ بورڈ دوران حقوق پٹہ داری زرعی زمین مذکور کسی بھی وجہ سے اور کسی بھی وقت پٹہ دار سے واپس لے سکتا ہے۔ تاہم کھڑی فصل کی کٹائی کے بعد عملدرآمد کیا جائے گا۔
11. محکمہ ہذا کے نادہندگان بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔
12. کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر / بورڈ کو اختیار حاصل ہوگا کہ (بمطابق PPRA رولز 2004) کوئی وجہ بتا کر بولی منظور یا مسترد کر دے۔
13. دیگر شرائط ٹھیکہ کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔
14. نیلامی بمطابق PPRA رولز 2004 (وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ) عمل میں لائی جائے گی۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

گوجرانوالہ کینٹ